14030 ـ زيرناف بال مونڈنے اورناخن تراشنے كا روزے كے ساتھ كوئي تعلق نہيں

سوال

كيا يہ صحيح ہے كہ روزہ دار ناخن نہيں كاٹ سكتا يا اسے زيرناف بال صاف نہيں كرنے چاہييں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

يہ كوئي ايسے اعمال نہيں جوروزے دار كے ليے ہى واجب نہيں ، اور نہ ہى ان اعمال ميں شامل ہيں جوروزے كے منافى ہوں ، بلكہ روزے دار توكھانے پينے ، اورجماع ، سے ركے گا كيونكہ يہ كام روزے كو فاسد كرديتے ہيں ، اور اسى طرح ہر قسم كے گناہ اوربرے كاموں اورچغلى وغيبت سے باز رہے گا كيونكہ يہ سب كام روزے ميں نقص پيدا كرتے ہيں ۔

ليكن ناخن كاٹنا اورزيرناف بال صاف كرنا تو ايك فطرتى كام ہے جس كے ليے شارع نے وقت مقرر كيا ہے كہ يہ چاليس دن سے زيادہ نہيں ركھے جاسكتے ، اوران كا روزے كے صحيح ہونے كے ساتھ كوئي تعلق نہيں ہے ۔

واللہ اعلم .